# India-U.S. Consular Dialogue (December 13, 2021)

December 14, 2021

## بھارت- امریکہ کے مابین قونصلر ڈائیلاگ کا انعقاد (13 دسمبر، 2021)

14 دسمبر، 2021

13 دسمبر 2021 کو، ہندوستانی اور امریکی وفود نے سالانہ دو طرفہ قونصلر ڈائیلاگ کے لیے نئی دہلی میں ملاقات کی۔ جوائنٹ سکریٹری (سی پی وی) جناب دیوش اتم کی قیادت میں ہندوستانی وفد نے امریکی وفد کے ہم منصبوں سے ملاقات کی، جس کی قیادت اسسٹنٹ سکریٹری آف اسٹیٹ برائے قونصلر امور محترمہ رینا بٹر کر رہی تھیں۔ ڈائیلاگ نے ہمارے دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کی تاکید کی اور کووڈ-19 وبائی امراض سے درپیش چیلنجوں کے باوجود محفوظ اور ذمہ دارانہ سفر کو یقینی بنانے کے لیے دونوں ممالک کی طرف سے کی جانے والی کوششوں کو اجاگر کیا۔

باہمی دلچسپی کے شعبوں بشمول قونصلر مسائل کے فوری حل کے لیے تعاون، ویزوں کی سہولت، حوالگی کے معاملات، غیر ملکی شہریوں کو قونصلر خدمات کی فراہمی، بچوں کی تحویل سے متعلق خاندانی مسائل، شادیوں اور گود لینے اور دونوں ممالک کے درمیان سفر کی سہولت پر بات چیت مرکوز رہی۔

**نئی دہلی**

**13 دسمبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.